روزنامہ
صحافت

## برکس کا پیغام

برازیل کے شہر ریو ڈی جنیرو میں منعقدہ برکس سربراہی اجلاس میں گروپ کے رکن ممالک نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ہر قسم کی دہشت گردی سے نمٹنے کے عزم کا اظہار کیا اور اقوام متحدہ کی طرف سے اعلان کردہ دہشت گردوں اور دہشت گرد گروہوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ دہشت گردی کے متاثرین اور حامیوں کو ایک ہی پیمانے پر نہیں تولا جا سکتا۔ کسی بھی ملک کو دہشت گردوں کے خلاف پابندیاں لگانے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرنی چاہیے۔ برکس جیسے بین الاقوامی پلیٹ فارم پر وزیر اعظم مودی کے اس تبصرہ کو نہ صرف پاکستان بلکہ چین کے لیے بھی ایک سبق کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ پاکستان کس طرح دہشت گردوں کی پرورش کرتا ہے۔ دوسری جانب حالیہ برسوں میں چین نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بہت سے دہشت گردوں کو فہرست میں شامل کرنے کی پاکستان کی کوششوں میں رکاوٹیں کھڑی کی ہیں۔ اس سے دونوں ممالک کے قول و فعل میں فرق صاف ظاہر ہوتا ہے۔ حالانکہ پاکستان دنیا کو یہ دکھانے کی کوشش کرتا ہے کہ وہ خود دہشت گردی کا شکار ہے۔ لیکن دوسری طرف وہ دہشت گردوں کو تربیت دیتا ہے اور انہیں بھارت کے خلاف ہتھیار کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ برکس حالیہ برسوں میں ایک موثر گروپ کے طور پر ابھرا ہے۔ اس میں بھارت، روس اور چین سمیت دنیا کی گیارہ ابھرتی ہوئی معیشتوں والے ممالک شامل ہیں۔ برکس ممالک کا زور ایک کثیر قطبی دنیا پر ہے جہاں طاقت تقسیم ہے۔ لیکن اس کانفرنس میں چینی صدر شی جن پنگ موجود نہیں تھے جبکہ روسی صدر ولادیمیر پوتن نے ورچوئل میڈیم کے ذریعے اس میں شرکت کی۔ پیوتن جنگ میں پھنس گئے ہیں۔ لیکن برکس کانفرنس میں چینی صدر شی جن پنگ کی غیر حاضری حیران کن ہے۔ قابل ذکر ہے کہ جن پنگ چین کے صدر بننے کے بعد پہلی بار اس کانفرنس سے دور رہے، وہ بھی اس وقت جب وہ برکس گروپ کو امریکی قیادت والے مغربی بلاک کے خلاف اقتصادی متبادل کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جغرافیائی سیاسی معاملات کے حوالے سے دیکھا جائے تو یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ برکس کی حالیہ توسیع نے چین کے لیے اس کی نظریاتی قدر کو کم کر دیا ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ چین کو امریکہ کے ساتھ 'تجارتی جنگ' کی وجہ سے ملکی اقتصادی چیلنجز کا سامنا ہے اور جن پنگ ان دنوں ملکی معیشت کو سمت دینے میں کافی مصروف ہیں۔ دہشت گردی کے علاوہ، برکس سربراہی اجلاس میں انسانی اقدار پر مبنی مصنوعی ذہانت (AI)، امریکی محصولات، اور انسانی ترقی کے لیے پرامن اور محفوظ ماحول جیسے مسائل پر بھی بات ہوئی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ برکس ممالک کو اپنے مشترکہ چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد ہو کر اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی۔ ایک ایسے وقت میں جب مغربی ایشیا سے لے کر یورپ تک دنیا تنازعات اور تنازعات سے دوچار ہے، برکس جیسے گروپوں کی مطابقت اور بھی زیادہ اہم ہو جاتی ہے۔ لیکن عالمی سطح پر سنجیدگی سے لینے کے لیے برکس کو پہلے اپنے اندرونی ڈھانچے اور نظام کو مضبوط کرنا ہوگا۔ اس کے ساتھ اسے متحد ہو کر ان کوششوں کی بھرپور حمایت کرنا ہوگی جو دنیا کو دہشت گردی اور تنازعات سے نکال کر بات چیت، تعاون اور ہم آہنگی کی طرف لے جائیں۔

## ہندوستانی تہذیب پر مذہبی شدت پسندی کا سایہ



محمد ابراہیم خلیل سبیلی

> عدالتیں جو عوام کا آخری سہارا ہوتی ہیں بعض معاملات میں بہت دیر سے حرکت میں آتی ہیں اور بعض اوقات تو ایک عام انسان کے لئے ان تک پہنچنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ جب قانون کا محافظ خود غفلت برتنے لگے تو وہ ظلم کے خلاف ڈھال بننے کے بجائے ظالم کا ساتھی محسوس ہونے لگتا ہے۔ اس طرح کی صورت حال میں صرف اقلیتیں ہی نہیں بلکہ پورے ملک کی جمہوری فضا زہر آلود ہو جاتی ہے۔ جمہوریت کی اصل روح اس وقت باقی رہتی ہے جب ملک کا ہر شہری خود کو محفوظ اور برابر کا محسوس کرے۔ جب کسی کو صرف مذہب یا ذات کی بنیاد پر نشانہ بنایا جائے اور قانون اس پر آنکھیں بند رکھے تو یہ آئینی بحران کے ساتھ پورے سماجی نظام کی تباہی پیش خیمہ ہے۔

ہمارا ملک کثیر المذاہب، کثیر الثقافت اور گنگا جمنی تہذیب کا گہوارہ ہے۔ جہاں ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی، بدھ، جین اور مختلف مذاہب کے ماننے والے صدیوں سے ایک ساتھ رہتے بستے آئے ہیں لیکن حالیہ برسوں میں جو تبدیلیاں دیکھنے میں آ رہی ہیں وہ اس اتحاد اور اتفاق پر بدنما داغ بن چکی ہیں۔ مذہب کے نام پر طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اقلیتوں کو خوفزدہ کرنا، اور اکثریتی دھرم کے نام پر زبردستی اپنی بالادستی قائم کرنا آج ہندوستان کی روز مرہ کی حقیقت بنتی جا رہی ہے، یہ خطرناک رویہ ملک کی رواداری، بھائی چارگی، اور آئینی مساوات کو مجروح کر رہا ہے۔ یہ سچ ہے کہ ہندو دھرم میں کئی تہوار ہوتے ہیں اور ہندو بھائی اس میں کئی طرح کے جلوس نکالتے ہیں۔ جیسے گنیش جلوس، رام نومی جلوس، کمبھ میلہ اور کانوڑ یاترا وغیرہ۔ ان تقریبات میں لاکھوں کی تعداد میں لوگ شریک ہوتے ہیں اور پونیتا و پرارتھنا کے ذریعہ روح کی تطہیر کرتے ہیں۔ ان میں روحانیت کے ساتھ ساتھ ثقافتی جوش و خروش بھی شامل ہوتا ہے۔ ہندو مذہب میں یہ یاترائیں صدیوں پرانی روایات کا تسلسل سمجھی جاتی ہیں، انکا مقصد دیوی دیوتاؤں کی پوجا، گنگا میں اشنان اور تپسیا کے ذریعہ پاکیزگی حاصل کرنا ہوتا ہے۔ کمبھ میلے کو دنیا کا سب سے بڑا روحانی میلہ تصور کیا جاتا ہے، کانوڑ یاترا میں لاکھوں یاتری شیو بھگوان کے لئے گنگا جل لاکر مخصوص مندروں میں چڑھاتے ہیں۔ حکومت ان تقریبات کے دوران خصوصی انتظامات کرتی ہے، ان کو چھٹیاں دیتی ہے اور سرکاری تعاون مہیا کیا جاتا ہے۔ یہ مظاہرہ ملک کے ایک بڑے طبقے کی مذہبی جذبات اور ان کی وابستگی کو ظاہر کرتا ہے۔ جو بظاہر پرامن نظر آتا ہے؛ لیکن اگر ان مواقع کو عقیدت کے بجائے شدت پسندی، تشدد اور برتری کے اظہار کا ذریعہ بنا دیا جائے تو یہ ملک کی گنگا جمنی تہذیب کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ اب یہ یاترائیں مذہبی عبادات تک محدود نہیں رہیں؛ بلکہ اکثر شدت پسندی تشدد اور فرقہ وارانہ منافرت کا ذریعہ بن چکی ہیں۔ مذہب کے نام پر جوش و جذبات اور عقیدت کے بجائے اب غصہ نفرت اور اکثریتی طاقت کا کھلم کھلا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ مذہبی تہواروں کو ایسا سیاسی اور فرقہ وارانہ رنگ دیدیا گیا ہے کہ ان کی اصل روح جو کہ تزکیہ نفس اور روحانیت پر تھی وہ مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ جلوسوں میں لاٹھیاں، تلواریں اور بھڑکاؤ نعرے عام بات ہو چکی ہے۔ لاؤڈ اسپیکر پر بلند آواز میں موسیقی، مذہبی نعروں کے ساتھ اشتعال انگیز جملے اور مخصوص فرقہ کے خلاف گالی گلوچ یہ سب کچھ یاتراؤں یا جلوسوں کے نام پر عام ہو چکا ہے۔ حال ہی اتر پردیش، ہریانہ اور مدھیہ پردیش وغیرہ سے ایسی متعدد چونکا دینے والی خبریں سامنے آئیں جن میں کانوڑ یاتریوں نے سڑکوں پر قبضہ جما کر نہ صرف عام لوگوں کی آمد و رفت میں خلل پیدا کیا بلکہ مسلمانوں کو خاص طور پر نشانہ بنایا۔ شناختی بنیاد پر انہیں روکا گیا، ان کی دوکانوں کو بند کروایا گیا اور ان پر زبردستی نعرے لگانے کیلئے دباؤ ڈالا گیا۔ بعض علاقوں میں یاتریوں نے ہوٹل اور ٹھیلہ لگانے والوں سے ان کا مذہب پوچھا، اگر وہ مسلمان نکلے تو ان کے ساتھ نہایت ہی شرمناک سلوک کیا، ان کے سامان کو نقصان پہنچایا، انہیں سر عام مارا، اور بعض واقعات میں تو حد ہو گئی کہ انہیں اپنا مذہب ثابت کرنے کیلئے اپنے کپڑے اتارنے پڑے۔ یہ انسانیت سوز مظالم صرف عوامی سطح پر نہیں بلکہ بعض اوقات پولیس اور انتظامیہ کی نگرانی میں انجام پاتے ہیں اور انہیں روکنے اور ٹوکنے والا کوئی نہیں ہوتا۔ ان واقعات میں سے کئی ایک ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں مگر نہ کوئی مؤثر کارروائی ہوئی نہ کسی ذمہ دار کو گرفتار کیا گیا۔ اس سلسلہ میں ریاستی حکومتیں یا تو خاموش ہو جاتی ہیں یا پھر جزوی واقعہ کہ کر ایسے مظالم کو ٹال دیتی ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مذہب کے نام پر تشدد ایک سماجی ماحول بنتا جا رہا ہے۔ جس میں مخصوص طبقہ کے لوگوں کو خوف زدہ کرنا ہی اصل مقصد بن گیا ہے۔ کیا ہندو دھرم اس بات کی اجازت دیتا ہے؟ یا رام جی جنہیں یہ اپنا معبود مانتے ہیں دوسروں پر ظلم کرنے اور عام لوگوں کی زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت دیتے ہیں؟ مجھے تو اتنا معلوم ہے کہ دنیا کا چھوٹا یا بڑا کوئی بھی مذہب اس بات کی اجازت نہیں دیتا، تو پھر یاترا اور جلوس کے نام پر مسجدوں اور درگاہوں کو نشانہ بنانا، راہ چلتے مسافروں کو روکنا، ان سے ان کی شناخت پوچھنا اور ان پر جان بوجھ کر حملے کرنا کس دھرم کی تعلیم ہے؟

سب جانتے ہیں کہ مسلمانوں کے بھی تہوار اور جلوس ہیں۔ جیسے عید الفطر، عید الاضحیٰ، یوم میلاد النبیؐ اور عاشورہ وغیرہ، عید الفطر سے پہلے مسلمان ایک مہینہ کے روزے رکھتے ہیں، دن بھر بھوکے پیاسے رہتے ہیں مگر کبھی کسی ہوٹل والے سے یہ مطالبہ نہیں کیا کہ دن میں ہم روزہ رکھتے ہیں اس لئے دن میں ہوٹل بند ہونا چاہئے۔ ایک مہینے کے روزوں کے بعد تمام مسلمان عید کی نماز کیلئے عیدگاہوں یا جامع مساجد میں جمع ہوتے ہیں اور لاکھوں مسلمان میل جول اور خوشی کے جذبے کے ساتھ عبادات، خیرات اور اپنے مذہبی فرائض انجام دیتے ہیں۔ اس قدر بڑے اجتماعات کے باوجود نظم ضبط کا بہترین مظاہرہ کیا جاتا ہے۔ مسلمان از خود اپنی صفائی کا خیال رکھتے ہیں، مسجدوں یا عیدگاہوں میں اسپیکر کا محدود استعمال ہوتا ہے۔ عید الاضحیٰ کے موقع پر مسلمان قربانی کرتے ہیں، اس سلسلہ بھی خاص احتیاط برتی جاتی ہے کہ قربانی کھلے عام نہ ہو، سڑکوں پر خون نہ بہے، راستوں پر گندگی نہ ہو، اور قربانی کے جانوروں کو غیر مسلم محلوں میں لیکر نہیں جاتے تاکہ کسی کے مذہبی جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے۔ میلاد النبیؐ کے موقع پر مسلمان اور محرم کے موقع پر شیعہ حضرات جلوس نکالتے ہیں جن میں درود و سلام، نوحے اور دینی ترانے پڑھے جاتے ہیں۔ لیکن انہوں نے کبھی کسی مندر کے سامنے ناچ گانا نہیں کیا، کبھی اشتعال انگیز نعرے نہیں لگائے، اور نہ ہی کسی مندر پر چڑھ کر اسلامی جھنڈا لگایا۔ کبھی غیر مسلم محلوں میں جا کر جلوس نہیں نکالا، کبھی ایسا واقعہ دیکھنے میں نہیں آیا کہ مسلمانوں نے جان بوجھ کر کسی مندر کے سامنے اسپیکر کی آواز بلند کی ہو، یا کسی ہندو مذہبی مقام پر ناپسندیدہ حرکت کی ہو۔

اس کے باوجود المیہ یہ ہے کہ مسلمان آج بھی حکومت، میڈیا اور بعض اکثریتی طبقاتی تنظیموں کی نظروں میں چبھتے ہیں۔ جب مسلمانوں کے مذہبی تہوار آتے ہیں تو ان پر طرح طرح کی غیر ضروری اور امتیازی پابندیاں عائد کی جاتی ہیں۔ جن کا نہ کوئی آئینی جواز ہوتا ہے اور نہ ہی اخلاقی بنیاد۔ ذرا سی بات پر پورے جلوس کو روک دیا جاتا ہے۔ عید الاضحیٰ کے موقع پر اکثر ریاستوں میں جانوروں کی خرید و فروخت پر روک لگا دی جاتی ہے۔ بعض علاقوں میں جانوروں کے باڑے سیل کر دیئے جاتے ہیں، قربانی کے لئے لائے گئے جانوروں کو پولیس یا گاؤ رکشک کی مدد سے محلوں اور گھروں سے اٹھا لیا جاتا ہے۔ اتنا ہی نہیں بقر عید کے موقع پر چیک پوائنٹس لگائے جاتے ہیں اور جانور لے جانے والی گاڑیوں کو روک کر اجازت نامے مانگے جاتے ہیں، گوشت لے جانے والے بے قصور مسلمانوں کو صرف شک کی بنیاد پر زدوکوب کیا جاتا ہے اور گوشت کو ضبط کر کے لیباٹری بھیجا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ یہ کس کا گوشت ہے؟ (کئی دفعہ ثابت ہو چکا کہ یہ گائے کا گوشت نہیں ہے) ان جانچوں کے درمیان نہ صرف انسانیت کی تذلیل ہوتی ہے بلکہ پورے مذہب کو شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ بعض مقامات پر تو قربانی کے گوشت کو بھی گھروں سے اٹھا لیا گیا اور ان کو ہراساں کر کے ان کے خلاف مقدمے دائر کئے گئے۔ اس کے برعکس جب ہندو برادری کے مذہبی تہوار یا یاترائیں ہوتی ہیں تو پورے ریاستی نظام کو ان کی خدمت میں جھونک دیا جاتا ہے۔ سڑکیں بند کر دی جاتی ہیں، راستوں کو خصوصی طور پر صاف کیا جاتا ہے، بجلی، پانی اور کھانے پینے کا انتظام کیا جاتا ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں پولیس اور فورس تعینات کی جاتی ہے، یاترا کے راستے میں جو کاروبار اور دوکانیں پڑتی ہیں ان کو زبردستی بند کروایا جاتا ہے۔ ان تمام باتوں کے باوجود مسلمانوں کو 'شدت پسند' 'ملک دشمن' یا 'فرقہ پرست' قرار دیا جاتا ہے؛ جبکہ وہ عناصر جو کھلے عام شرانگیزی کرتے ہیں انہیں 'عقیدت مند' اور 'دھارمک یودھا' کا لقب دیا جاتا ہے۔ اگر اس پر کوئی اعتراض کرے تو اسے بھی فرقہ پرست کہ دیا جاتا ہے۔

حالانکہ بھارت کا آئین دنیا کے انصاف پسند دستاویزات میں شمار ہوتا ہے۔ جو اپنے ہر شہری کو مذہب، زبان، ذات اور علاقائیت سے بالاتر ہو کر مذہبی آزادی، اظہار رائے کی آزادی، تجارت کی آزادی نقل و حرکت اور عبادات کا حق دیتا ہے۔ یہی وہ حسن ہے جس پر کسی بھی جمہوری ملک کی بنیاد کھڑی ہوتی ہے۔ لیکن جب انہیں آئینی حقوق کو مخصوص مذہبی تقریبات اور یاتراؤں کے نام پر پامال کیا جائے، اقلیتوں کو خوف زدہ کیا جائے، ان کے گھروں، کاروبار، عبادت گاہوں اور جان و مال کو نشانہ بنایا جائے، اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس پر خاموش تماشائی بنے رہیں تو یہ نہ صرف آئین کی خلاف ورزی ہے بلکہ جمہوری اقدار کی کھلی توہین ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حالیہ برسوں میں مختلف یاتراؤں کے دوران جو واقعات رونما ہوئے ان میں ریاستی پولیس اور انتظامیہ بھی خاموش یا جانبداری کے ساتھ نظر آئی۔ کیا اکثریتی طبقے کی شدت پسندی اقلیتوں کے صبر کا امتحان لے رہی ہے؟ کیا حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے صرف ایک مذہب کی حفاظت کے ضامن ہیں؟ ہندوستان کی روح تو اس کے تنوع میں اور اس کی خوبصورتی کثرت میں وحدت ہے۔ لیکن جب مذہب کے نام پر ظلم و زیادتی ہونے لگے اور حکومت صرف ووٹ بینک کی سیاست کے تحت خاموشی اختیار کر لے تو یہ ملک کو تقسیم کی راہ پر لے جائے گی۔

عدالتیں جو عوام کا آخری سہارا ہوتی ہیں بعض معاملات میں بہت دیر سے حرکت میں آتی ہیں اور بعض اوقات تو ایک عام انسان کے لئے ان تک پہنچنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ جب قانون کا محافظ خود غفلت برتنے لگے تو وہ ظلم کے خلاف ڈھال بننے کے بجائے ظالم کا ساتھی محسوس ہونے لگتا ہے۔ اس طرح کی صورت حال میں صرف اقلیتیں ہی نہیں بلکہ پورے ملک کی جمہوری فضا زہر آلود ہو جاتی ہے۔ جمہوریت کی اصل روح اس وقت باقی رہتی ہے جب ملک کا ہر شہری خود کو محفوظ اور برابر کا محسوس کرے۔ جب کسی کو صرف مذہب یا ذات کی بنیاد پر نشانہ بنایا جائے اور قانون اس پر آنکھیں بند رکھے تو یہ آئینی بحران کے ساتھ پورے سماجی نظام کی تباہی پیش خیمہ ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے مذہبی تہوار دوسروں کے لئے تکلیف دہ نہ بنیں، حکومت کسی مذہب کو فوقیت نہ دے، اکثریت کی شدت پسندی کو سختی سے روکا جائے، اقلیتوں کے تحفظ کو صرف کاغذی بات نہ بنایا جائے، اور حکومت اپنے اس حلف کو یاد کرے جو اس نے آئین کی حفاظت، شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور قیام انصاف کے لئے لیا تھا۔ اگر واقعی حکومت اپنے نعرے ''سب کا ساتھ سب کا وکاس'' میں سنجیدہ ہے تو پھر ہر شہری کی جان و مال ایمان و عقیدہ کی حفاظت بھی ریاست کی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔

## غزہ میں انسانیت کراہ رہی ہے



عبدالعزیز

غزہ میں انسانوں کی نسل کشی اور قتل عام کا علم ساری دنیا کو اچھی طرح کسی نہ کسی ذریعے سے باور کرایا جا رہا ہے۔ قتل کے اعداد و شمار کے بارے میں اطلاعات مختلف ہیں۔ عام طور پر میڈیا کے ذریعے 60 سے 65 ہزار بچے، بوڑھے، عورتیں اور مرد بے دردی سے اسرائیلی فوجوں کے ذریعے ظالم امریکہ کے اشارے پر شہید ہو چکے ہیں۔ دوسری اطلاع کے مطابق لگ بھگ ایک لاکھ لوگوں کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ حماس کے ذرائع سے جو خبریں چھن چھن کر آ رہی ہیں اس کے مطابق تین لاکھ افراد جان بحق ہوئے ہیں۔ ساٹھ ستر فیصد آبادی اپنے گھر بار کو چھوڑ کر دیگر مقامات پر پناہ گزیں ہیں۔ جہاں کیمپوں میں مظلوم فلسطینی پناہ گزیں ہیں وہاں بھی اسرائیل کے فوجی بم برساتے رہتے ہیں۔ لاکھوں افراد زخمی ہیں۔ غزہ پٹی میں سارے اسپتال تباہ و برباد کر دیئے گئے ہیں۔ جو ڈاکٹر یا معالج کیمپوں میں مریضوں اور زخمیوں کا علاج کر رہے ہیں ان کی جان کا خطرہ ہے اور بہت سے ڈاکٹروں کو اسرائیلی فوجیوں نے شہید بھی کیا ہے۔ یہاں تک کہ جو لوگ راشن پانی لے کر غزہ پٹی کے پناہ گزینوں یا بچے کھچے لوگوں تک پہنچنا چاہتے ہیں ان کو بھی اسرائیلی فوج منزل مقصود تک پہنچنے نہیں دیتی، ان پر بھی بم برساتی ہے۔ غزہ پٹی میں اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں سب کی تباہ کر دی گئی ہیں۔ پڑھنے پڑھانے کے لئے کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے۔ کیمپوں میں جہاں طالب علموں کو پڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے وہاں بھی ظالموں کی طرف سے بم برسائے جا رہے ہیں۔

دنیا میں دو قسم کے لوگ بستے ہیں۔ ایک قسم کے تو وہ لوگ ہیں جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں اور اپنا تعلق اسلام سے جوڑتے ہیں۔ اسلام یعنی حق سے جوڑتے ہیں۔ اہل اسلام یا مسلمان کی جو ڈیوٹی دی گئی ہے وہ سب سے بڑی ڈیوٹی ہے دنیا سے جبر و ظلم کو مٹانا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ جو لوگ ظالم کے ساتھ ظالم کے ظلم کو جانتے ہوئے دو چار قدم بھی چلتے ہیں وہ اپنے آپ کو اسلام سے خارج کر لیتے ہیں۔ اس حدیث کی روشنی میں اگر دیکھا جائے تو مسلم حکمرانوں کی جو ٹولی ہے ان میں سے دو تین حکمرانوں یا ممالک کے ماسوا سب کے سب امریکہ بہادر کے غلام ہیں اور امریکہ سے اس طرح خوف زدہ ہیں کہ دماغ سے فلسطین سے کہیں زیادہ مسلم حکمرانوں کی یہ جماعت اسرائیل اور امریکہ کے ساتھ کھڑی ہوئی نظر آتی ہے۔ ایران پر اسرائیل اور امریکہ کے حملے کے دوران چند مسلم ملکوں کو چھوڑ کر سارے ممالک خاموش رہے۔ سب سے زیادہ دوغلی پالیسی پاکستانی حکمرانوں کی جنگ کے دوران تھی۔ پاکستانی فوج کے سربراہ عاصم منیر جو اپنے نام کے ساتھ حافظ بھی لکھتے ہیں جب ایرانیوں پر اسرائیل اور امریکہ حملہ آور تھے تو حافظ صاحب ڈونالڈ ٹرمپ جیسے ظالم کے ساتھ وہائٹ ہاؤس میں آرام کے ساتھ مزے لے لے کر لنچ اور ڈینر کھا رہے تھے۔ پاکستان کا یہ حافظ قرآن دنیا کے سب سے بڑے دہشت گرد ڈونالڈ ٹرمپ کو نوبل پیس (امن کا انعام) دینے کی سفارش کر رہا تھا۔ پاکستانی فوجی سربراہ کے پاکستان آنے پر پاکستانی حکومت نے بھی اپنے فوجی حکمراں کی سفارش پر مہر لگا دی۔ مذکورہ حدیث رسولؐ کے مطابق پاکستانی حکمراں آخر کس زمرے میں شمار کئے جانے کے لائق ہیں؟

قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ان پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کرائی گئی کہ حد سے گزر جاتے تھے۔ وہ ایک دوسرے کے برے افعال سے نہ روکتے تھے''۔ (المائدہ 79-78)

اس آیت کی تفسیر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث منقول ہیں وہ قرآن کریم کے مقصد کو اور زیادہ واضح کر دیتی ہیں۔ سب روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''بنی اسرائیل میں جب بدکاری پھیلنی شروع ہوئی تو حال یہ تھا کہ ایک شخص اپنے بھائی یا دوست یا ہمسایہ کو برا کام کرتے دیکھتا تو اس کو منع کرتا کہ اے شخص! خدا کا خوف کر، مگر اس کے بعد اسی شخص کے ساتھ گھل مل کر بیٹھتا اور یہ بدی کا مشاہدہ اس کو اس بدکار شخص کے ساتھ میل جول اور کھانے پینے میں شرکت کرنے سے نہ روکتا۔ جب ان کا یہ حال ہو گیا تو ان کے دلوں پر ایک دوسرے کا اثر پڑ گیا اور اللہ نے سب کو ایک رنگ میں رنگ دیا اور ان کے نبی داؤدؑ عیسیٰ بن مریم کی زبان سے ان پر لعنت کی''۔ راوی کہتا ہے کہ جب حضورؐ سلسلۂ تقریر میں اس مقام پر پہنچے تو جوش میں آ کر اٹھ بیٹھے اور فرمایا: ''قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم پر لازم ہے کہ نیکی کا حکم کرو اور بدی سے روکو اور جس کو برا فعل کرتے دیکھو اس کا ہاتھ پکڑ لو، اسے راہ راست کی طرف موڑ دو اور اس معاملے میں ہرگز رواداری نہ برتو ورنہ اللہ تمہارے دلوں پر بھی ایک دوسرے کا اثر ڈال دے گا اور تم پر بھی اسی طرح لعنت کرے گا جس طرح بنی اسرائیل پر کی۔''

مذکورہ حدیث کی روشنی کہا جا سکتا ہے کہ مسلم ممالک کے چند حکمرانوں کے سوا سارے لوگ قابل لعنت ہیں اور اللہ کی طرف سے لعنت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ عذاب الٰہی کے مستحق ہیں۔ ڈاکٹر اسرار احمد اپنی کئی تقریروں میں اکثر کہا ہے کہ مسلم حکمرانوں کی جبر و ظلم پر خاموشی عذاب الٰہی کی دعوت دیتی ہے۔ آج نہیں تو کل ان حکمرانوں اور ان مسلم ملکوں پر اللہ کا عذاب آ کر رہے گا۔ انھوں نے کہا ہے کہ پہلے جو ملک عذاب الٰہی کا مستحق ہے وہ سعودی عرب ہے اور دوسرے نمبر پر پاکستان ہے۔

ایران واحد ملک ہے جو قرآن اور حدیث کے مطابق عمل پیرا ہے۔ ایران کی مدد سے حزب اللہ لبنان سے حوثی یمن سے اور ملیشیا عراق سے حماس کی مدد کے لئے اسرائیل پر حملے کرتے رہتے ہیں۔ ایران پر جو حملہ اسرائیل اور امریکہ نے کیا تھا یا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اس کی واحد وجہ ہے کہ ایران اسرائیل اور امریکہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر باتیں کرتا ہے۔ فلسطین کی مدد کرتا ہے اور مسجد اقصیٰ کے تحفظ کے لئے کوشاں رہتا ہے۔ اگر دنیا کے سارے مسلم ممالک ایران کا ساتھ دیتے تو اسرائیل صفحہ ہستی سے مٹ گیا ہوتا اور امریکہ دیکھتا رہ جاتا۔ دنیا بھر میں جو مسلمان ہیں مسلک کے نام پر ان کے الگ الگ رجحانات ہیں اور سب اپنے محدود دائرے یا اپنے خول میں مقید ہیں۔ ایران جب 1986ء میں عراق سے نبرد آزما تھا۔ (جاری)

## کس کو سناؤں حال اردو زبان کا!



فہیم اختر۔ لندن

آپ بھی سوچ رہے ہوں گے کہ آج ہم کس بے بسی میں پھنس کر ایسی بات کہنے جا رہے ہیں۔ دراصل ایسا میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ میری لوگوں سے اردو زبان و ادب پر تبادلہ خیال ہوتا ہے تو لوگوں میں کافی مایوسی پاتا ہوں۔ تو سوچا کیوں نہ آج ہم اردو زبان و ادب کے حوالے سے اپنا موقف پیش کریں۔

تاہم مجھے ناممکن لگتا ہے کہ آج ہم پوری بات اس مختصر کالم میں مکمل کر پائیں گے۔ ہاں زندگی سلامت رہی تو ایسے مضامین لکھتا رہوں گا تاکہ قاری کی بے بسی اور مایوسی کا کوئی حل نکلے۔ سوشل میڈیا ایک ایسا پلیٹ فارم بن گیا ہے جہاں روزانہ ایسی ایسی خبریں نظروں سے گزرتی ہے۔ جس سے کبھی کبھی تو علم میں اضافہ ہوتا ہے اور کبھی کبھی ان خبروں کو سن کر یا ویڈیو دیکھ کر ذہن الجھ جاتا ہے۔ مثلاً روزانہ نئے نئے شاعروں اور دانشوروں سے تعارف ہوتا ہے اور ایسی ایسی شاعری اور قول سنتا ہوں کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم تو کسی ایسے جزیرے میں رہ رہے ہیں جہاں اب تک ان شعرا اور دانشوروں کو جان ہی نہیں پایا۔ ایسا ہی حال ہی میں ایک صاحب کا پوسٹ نظر سے گزرا جو یوں لکھا تھا، فلاں صاحب (جن کا نام میں نے پہلی بار سنا، یہ میری کم علمی کا ثبوت ہے) ''کتاب کے مصنف کے سامنے الفاظ ہاتھ باندھے رہتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کا انتخاب عمل میں لایا جائے۔'' یہ اہم بات ایک ایسوسیئیٹ پروفیسر نے ان کی کتاب کے اجرا کے موقع پر اپنی تقریر میں کہی۔ جب لوگوں نے مجھے بتایا تو میرا بھی سر جھک گیا۔ تاہم میرا ہاتھ پروفیسر صاحب کی بات پر نہیں بندھا بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اردو زبان میں بے شمار الفاظ ایسے ہیں جن کے استعمال کے بغیر ہماری تحریر معتبر نہیں ہو سکتی۔ اسی لیے ہم الفاظ کے سامنے ہاتھ باندھے رہتے ہیں کہ ان الفاظ سے باہمی احترام رشتوں کو خوبصورت بناتا ہے اور قلم اور الفاظ کے اسی رشتے سے ہماری تحریر خوبصورت اور کارگر ہو جاتی ہے۔

اب اسے ہماری بدقسمتی کہیے کہ پچھلے بارہ برس سے میں نے شاعری شروع کی اور اب بھی سر تب جھک جاتا ہے جب کوئی پوچھتا ہے کہ کیا آپ نے دبئی میں مشاعرہ پڑھا ہے۔ اس سے مجھے یہ محسوس ہوا کہ جس طرح ایک مسلمان کے لیے حج اور عمرہ کرنے کے لیے مکہ جانا ضروری ہے اسی طرح آج کل ایک شاعر کا سرٹیفکیٹ لینے کے لیے دبئی کا چکر لگانا بھی ضروری ہے۔ بس مسئلہ یہ ہے کہ مجھے خوشامد یا اداکاری نہیں آتی اور تمام کوششوں کے باوجود میں اب تک ناکارہ ہوں۔ ویسے اپنی شاعری پر تو یقین ہے کہ ان شاء اللہ ایک دن ہم بھی دبئی جائیں گے۔ تاہم دبئی میں کئی بار گھوم چکا ہوں اور وہاں مشاعرے کے ساتھ ساتھ ایسی ایسی آرائش میسر ہے کہ اللہ اکبر۔ مجھے تو لندن کی مغربی اور آزادانہ زندگی، دبئی کے آزادانہ، چمک دھمک اور عیاشی کے سامنے پھیکی لگتی ہے۔

اردو زبان ایک خوبصورت، شیریں اور تہذیب یافتہ زبان ہے جو صدیوں سے برصغیر کے لوگوں کے دلوں میں جوڑتی اور محبت بکھیرتی آئی ہے۔ جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ اس کی بنیاد فارسی، عربی، ترکی، سنسکرت، ہندی اور مقامی زبانوں کے امتزاج سے بنی، جس نے اسے ایک عالمگیر اور ہمہ گیر زبان بنا دیا۔ یہاں یہ بھی بتاتا چلوں کہ دنیا بھر میں اردو زبان کے فروغ میں برصغیر کے ان دانشور، شعرا اور ادیب کا نمایاں رول رہا ہے۔ جنہوں نے اپنے ساتھ زبان اور ثقافت کو بھی دیگر ممالک میں تعارف کرایا بلکہ اس کی ترقی و ترویج میں نمایاں رول ادا کیا۔

اردو ادب نے نہ صرف زبان کی ترویج میں اہم کردار ادا کیا بلکہ تہذیب، اخلاق اور فکری ارتقاء میں بھی گراں قدر خدمات انجام دیں۔ تاہم آج اردو زبان و ادب کئی طرح کے مسائل کا شکار ہے جنہیں نظر انداز کرنا اردو کے زوال کا باعث بن سکتا ہے۔ مثلاً اردو زبان کی تعلیمی اداروں میں نظر اندازی، سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں اردو زبان کو وہ اہمیت نہیں دی جا رہی جو ایک قومی کے طور پر اسے ملنی چاہیے۔ زیادہ تر ادارے انگریزی یا مقامی زبان کو فوقیت دیتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں اردو کی تدریس کا معیار کمزور ہے، جبکہ شہری علاقوں میں انگریزی یا مقامی زبان کا رجحان زیادہ ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے اردو کمزور ہو رہی ہے۔ تاہم ہندوستان کے دیہی علاقوں میں مدرسوں نے اردو کے فروغ کے لیے اہم رول نبھایا ہے جو بدقسمتی سے سیاسی، مذہبی اور امتیازی سلوک کا شکار ہو رہی ہے۔

ڈیجیٹل دنیا میں میڈیا اور ٹیکنالوجی میں اردو کی موجودگی کم ہوتی جا رہی ہے۔ زیادہ تر ڈیجیٹل مواد انگریزی میں ہوتا ہے، جس سے نئی نسل اردو سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ اس کی ایک عمدہ مثال یہ ہے کہ اگر آپ سوشل میڈیا پر اردو شاعری کا پوسٹ دیکھیں تو زیادہ تر پوسٹ آپ کو یا تو ہندی اور رومن میں لکھے ہوتے ہیں۔ جس سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ اردو پڑھنے والوں کی تعداد کم ہوتی جا رہی ہے۔ غیر معیاری زبان کا فروغ ایک تشویش بات ہے۔ میڈیا، خاص طور پر ٹی وی ڈراموں اور فلموں میں غیر معیاری اردو اور بول چال کا استعمال بڑھ رہا ہے، جو زبان کی اصل ساخت کو متاثر کر رہا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ آج کل لوگ خوبصورت کو کھوبسورت کہتے ہیں جو کہ کانوں کا کافی برا لگتا ہے۔ ایک اور مسئلہ ہم نے یہ پایا ہے کہ اردو ادب میں مطالعے کا فقدان ہے۔ نئی نسل میں اردو ادب پڑھنے کا رجحان کم ہو گیا ہے۔ کلاسیکی ادب کو بوجھل سمجھا جاتا ہے اور جدید ادب کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اس کی مثال ہمیں یہ دیکھنے کو ملتی ہے کہ آج کل ہر کوئی ویڈیو دیکھ رہے ہیں جہاں لوگ غالب، میر اور اقبال کی شاعری دھڑلے سے اپنے نام سے پڑھ کر راتوں رات مشہور ہو جا رہے ہیں۔ ادبی اداروں کی کمزوری اور نا اہلی سے اردو کے فروغ کے لیے قائم ادارے یا تو غیر فعال ہیں یا وسائل کی کمی کا شکار ہیں۔ ادیبوں کو سرکاری سطح پر وہ پزیرائی حاصل نہیں ہو رہی جس کے وہ مستحق ہیں۔ ادب برائے ادب کی جگہ ادب برائے تجارت بعض مصنفین اور پبلیشرز صرف تجارتی مقاصد کے لیے لکھتے ہیں، جس سے ادب کا معیار متاثر ہوتا ہے۔

یہ باتیں تو اردو زبان و ادب کے مسائل اور اس مشکلات کی ہوئی تو اس کا کیا حل نکالا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ نصاب میں اردو کو لازمی مقام دینا اردو کو تمام تعلیمی اداروں میں لازمی اور مؤثر طریقے سے پڑھایا جائے۔ نصاب کو دلچسپ اور عصر حاضر کے مطابق بنایا جائے۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اردو کو فروغ دینا اردو ویب سائٹس، بلاگز، یوٹیوب چینلز اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بنائے جائیں تاکہ نئی نسل اردو میں دلچسپی لے۔ ادبی میلوں اور مقابلوں کا انعقاد ہونا چاہیے لیکن ریختہ اور دبئی کے ایونٹ آرگنائزرز جیسا نہیں جو تجارت کے طور پر اردو کا استعمال کرتے ہیں۔ اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں اردو کے ادبی مقابلے، مشاعرے اور ڈرامے منعقد کیے جائیں تاکہ طلبہ میں دلچسپی بڑھے۔

یہاں میں ہندوستان کے بچپن گروپ اور اس کے بانی سراج عظیم جن کا تعلق دلی سے ہے، کا بھی ذکر کرنا چاہوں گا جو ادبِ اطفال میں نمایاں رول نبھا رہے ہیں۔ اردو اکادمیوں اور ادبی تنظیموں کو حکومتی امداد مزید دی جائے تاکہ وہ اردو زبان و ادب کے فروغ کے لیے بہتر کام کر سکیں۔ اس سلسلے میں مغربی بنگال اردو اکاڈمی کے سرپرست جناب ندیم الحق کی میں سراہنا کروں گا جن کی سرپرستی میں اکاڈمی کافی کام کر رہی ہے۔ اردو ادب کو عصری موضوعات سے جوڑنا ادیبوں کو چاہیے کہ وہ جدید مسائل پر لکھیں تاکہ نئی نسل اردو ادب کو اپنے حالات سے مربوط محسوس کرے۔ آج ہم نے اردو زبان و ادب پر مختصر طور کالم لکھ کر ان مسائل کو اجاگر کیا ہے جو عام لوگوں کے مسائل ہیں۔ اردو زبان و ادب ہمارا ثقافتی ورثہ ہے، جس کی حفاظت اور فروغ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اگر ہم نے آج اردو کو سنبھالا نہ دیا تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اردو کو صرف زبان نہ سمجھیں بلکہ اپنی پہچان کا حصہ جان کر اسے فروغ دیں۔ یہی اردو کے مستقبل کی ضمانت ہے۔ تو آیئے ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم اپنے اپنے طور پر اردو کے فروغ کے لیے کام کرتے رہیں گے۔ اردو زندہ باد، اردو پائندہ باد۔

